# موبائل ٹاپ اپ کمپین – حبیب بینک لمیٹڈ

## Konnect by HBL موبائل ٹاپ اپ کمپین (''کمپین'')کے لیے شرائط و ضوابط

1. یہ شرائط و ضوابط (''**شرائط و ضوابط**'' یا ''**T&Cs**'') اُن کسٹمرز پر لاگو ہوں گی جو کمپین کے میکانزم کے مطابق کمپین میں حصہ لیں اور (درج ذیل) ٹرانزیکشن انجام دیں۔ جب آپ ٹرانزیکشن انجام دیتے ہیں تو یہ شرائط و ضوابط آپ (''**آپ**'' یا ''**کسٹمر**'') اور حبیب بینک لمیٹڈ (''**HBL**'') کے درمیان معاہدہ تشکیل دیتی ہیں جس کے تحت آپ یہ شرائط و ضوابط قبول کرتے ہیں اور ان کی پابندی پر اتفاق کرتے ہیں۔
2. کسٹمر Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے موبائل ٹاپ اپ (''**ٹرانزیکشن**'') پر 20 روپے تک کا کیش بیک حاصل کریں گے۔
3. کمپین کے اہل ہونے کے لیے موبائل ٹاپ اپ کی کم از کم تعداد 1 موبائل ٹاپ اپ ہے۔
4. ایپ پر رجسٹر ہونے والے نئے کسٹمرز اور ایسے کسٹمرز جنھوں نے گزشتہ دو مہینوں سے موبائل ٹاپ اپ نہیں کیا ہوگا، صرف وہی کیش بیک کے اہل ہوں گے۔
5. کسٹمرز کمپین کے عرصے کے دوران صرف ایک بار کیش بیک وصول کرنے کے اہل ہوں گے۔ کیش بیک کی رقم کمپین کے عرصے کے دوران کسٹمر کی جانب سے انجام دیے جانے والے موبائل ٹاپ کی مجموعی رقم پر کلکولیٹ کی جائے گی۔
6. کیش بیک انعام کسٹمر کی جانب سے صرف Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشن پر لاگو ہوگا۔
7. کیش بیک انعام کمپین ختم ہونے کے ایک مہینے بعد کسٹمرز کو تقسیم کیے جائیں گے۔
8. HBL کمپین کے لیے کمیونی کیشن کے مختلف طریقے استعمال کرسکتا ہے، جن میں سوشل میڈیا، ایپلی کیشنز، ایجنٹ لوکیشن، SMS وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔
9. صرف وہی کسٹمر کمپین کے لیے اہل ہوں گے جو کمپین کی اعلان کردہ پیشکش کے مطابق ٹرانزیکشن انجام دیں۔
10. اگر HBL میں کسٹمر کا اکاؤنٹ بند، بلاک، بلیک لسٹ (یا ان میں سے کچھ بھی) ہوگیا ہو تو کسٹمر فوراً نااہل ہوجائیں گے۔
11. HBL کسی بھی وقت کمپین ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور HBL کی ویب سائٹ، یعنی https://www.hbl.com اور Konnect کا ویب پیج، یعنی https://www.hbl.com/personal/konnect اپڈیٹ کرتے ہوئے کسی بھی وجہ سے ان شرائط و ضوابط میں کسی بھی وقت ترمیم کرسکتا ہے۔ کسٹمرز ایسی کسی بھی ترامیم کے پابند ہوں گے اور کسٹمرز کو 30 دن پہلے اس کی اطلاع دی جائے گی تاہم انھیں بھی موجودہ شرائط و ضوابط کا جائزہ لینے کے لیے وقتاً فوقتاً HBL کی ویب سائٹ اور Konnect کا ویب پیج وزٹ کرتے رہنا چاہیے۔
12. یہ کمپین صرف اُن اہل کسٹمرز کے لیے نافذ العمل ہے جو برانچ لیس بینکاری– Konnect by HBL موبائل ایپلی کیشن استعمال کر رہے ہوں۔
13. یہ کمپین صرف پاکستان میں رہنے والے کسٹمرز کے لیے لاگو ہے۔
14. HBL اسٹاف اس کمپین کے لیے اہل نہیں۔
15. یہ کمپین 8 مارچ 2024ء سے 8 اپریل 2024ء (''**کمپین کا دورانیہ**'') تک موثر ہے۔
16. کسٹمرز کو Konnect by HBL (برانچ لیس بینکاری) کے شارٹ کوڈ 8425 اور HBL کے شارٹ کوڈ 4250 سے SMS وصول ہوسکتے ہیں۔

17. کسٹمرز کو اپنے اکاؤنٹس سے متعلقہ کوئی پن کوڈ، پاس کوڈ، پاس ورڈ، وغیرہ کسی کے بھی ساتھ ہرگز شیئر نہیں کرنا چاہیے۔

18. ان شرائط و ضوابط کو قبول کرتے ہوئے، کسٹمر یہ بھی اتفاق کرتے ہیں کہ ٹرانزیکشن کی پروسیسنگ سے متعلق تمام فیصلوں میں حتمی فیصلہ سازی کا اختیار HBL کے پاس ہے۔ ان شرائط و ضوابط کا انتظام اور تشریح اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔